RAMPUR GAZETTE

رامپور گزٹ

بحکم کونسل آف ریجنسی ریاست رامپور

نمبر ۱۱ روز دوشنبہ تاریخ ۱۷ مارچ سنہ ۱۸۹۰ء مطابق ۲۵ رجب المرجب سنہ ۱۳۰۷ھ جلد ۲

فہرست مضامین

نمبر شمار	نام مضمون	نمبر صفحہ
۱	حکم جوڈیشل ممبر کونسل۔	۱
۲	حکم ریونیو ممبر کونسل۔	۱
۳	روبکار اجلاس جناب جوڈیشل ممبر بہادر واقع ۸ مارچ سنہ ۱۸۹۰ء	۲
۴	روبکار اجلاس ایضاً واقع ۱۱ مارچ سنہ ۱۸۹۰ء	۲
۵	روبکار اجلاس جناب ریونیو ممبر بہادر واقع ۱۱ مارچ سنہ ۱۸۹۰ء	۳
۶	روبکار اجلاس ایضاً واقع ۱۳ مارچ سنہ ۱۸۹۰ء	۳
۷	روبکار اجلاس ایضاً واقع ۱۴ مارچ سنہ ۱۸۹۰ء	۳
۸	روبکار اجلاس ایضاً واقع ۱۴ مارچ سنہ ۱۸۹۰ء	۴
۹	روبکار اجلاس ایضاً واقع ۱۴ مارچ سنہ ۱۸۹۰ء	۴
۱۰	یادداشت [illegible] اجلاس جناب جوڈیشل ممبر بہادر واقع [illegible]	۴
۱۱	نقشہ حیات و ممات۔	۵
۱۲	نرخنامہ اجناس۔	۶
۱۳	اشتہار فروخت کتبہائے سادہ موجودہ مطبع سرکاری	۶

حکم جوڈیشل ممبر کونسل

رخصت

۸ مارچ سنہ ۱۸۹۰ء – قاضی محمد زکی الدین احمد صاحب نائب [illegible] جوڈیشل ممبر بہادر کو بضرورت خاص ایک ماہ کی رخصت بافیت [illegible] ۱۲ مارچ سنہ ۱۸۹۰ء سے عطا ہوئی۔ اور منشی محمد احمد سررشتہ دار صدر [illegible] علاوہ اپنے کام سررشتہ داری کے قائم مقامی [illegible] کا کام بھی انجام [illegible]

حکم ریونیو ممبر کونسل

اضافہ

۱۳ مارچ سنہ ۱۸۹۰ء – لالہ [illegible] پرشاد [illegible] الازمان کا یکم مارچ سنہ ۱۸۹۰ء سے دو روپیہ ماہوار اضافہ ہوا۔

روبکار اجلاس نواب نواب یار جنگ بہادر جوڈیشل ممبر کونسل آف رجنسی
واقع ۴ مارچ سنہ ۱۸۹۰ء

طریقہ مروجہ قدیمہ سے متعلق نسبت مال لاوارث و متروکہ و لاوعوے افسران اسٹیشن پولیس کا یہی عملدرآمد ہے کہ مال لاوارث کی افراد وغیرہ مرتب کر کے کسیکے سپرد کر دیتے ہین اور محکمہ مجسٹریٹی کو بغیر حد وجہ حکم روانہ نہین کرتے ۔ جسکی بابت بخیال اتلاف و عدم تحفظ مجسٹریٹ ضلع کی وجہ تجویز ہوئی کہ ایسا مال منقولہ [illegible] ارسال عدالت کرے اور مال غیر منقولہ ایسے شخص [illegible] ہو جسکی مالی حالت و حیثیت افسر اسٹیشن پولیس [illegible] کے قابل اور المضاعف مال سپرد شدہ و مہرجہ بنا بران حسب منشا اس جلاس کے اس باب مین ایک کمیٹی افسران ذیل کی ۲ ماہ حال کو منعقد ہوئی مفتی صاحب مراجعہ اسسٹنٹ جوڈیشل ممبر اسسٹنٹ ممبر مال مجسٹریٹ ضلع سپرنٹنڈنٹ پولیس ۔ اور بالاتفاق ممبران حاضر کی راے یہہ ہوئی کہ اگر مجسٹریٹ صاحب کو اپنی عدالت کے مالخانے پر کافی اعتماد ہے تو ہمکو اتفاق ہے یہی تجویز بابت کمیٹی سے منظور ہو کر مجسٹریٹ صاحب کو اطلاع دی گئی لیکن اسقدر امر کمیٹی مین مبحوث عنہ ہونیسے رہگیا کہ اگر مال غیر منقولہ کے المضاعف حیثیت کا کوئی آدمی نہ ملے ۔ اور افسر اسٹیشن پولیس کو اطمینان نہو ۔ تو کیا کیا جاے اسکے بابت اس اجلاس کے راے یہہ ہے کہ اگر ایسا ہو تو مال افسران تحصیل یا افسران اسٹیشن پولیس کے تفویض رہے (جیسا مناسب موقع ہو) اور مجسٹریٹ صاحب جلد ایسے مال کی نسبت فیصلہ دین ۔ اور تا دوران نگرانی اوسکی محافظت رکھیں۔

حکم ہوا کہ

یہ روبکار بغرض اطلاع و تعمیل جملہ عہدہ داران ریاست بذریعہ گزٹ شائع کیا جاے ۔ فقط

شرح دستخط
نواب یار جنگ

روبکار اجلاس نواب نواب یار جنگ بہادر جوڈیشل ممبر کونسل آف رجنسی
واقع ۱۱ مارچ سنہ ۱۸۹۰ء

صاحب مجسٹریٹ شہر رامپور کی کمیٹی تنخواہ کی بابت کارروائی ہوئی اور منجملہ اونکے عہدہ مجسٹریٹی کا ایک لازمی کام جو اب تک اونکے متعلق نہ تھا اب اونکے ذمہ داری مین دیا جاتا ہے یعنی سررشتہ صفائی شہر جسکے روز وصول حکم سے وہی افسر خاص متصور ہونگے اور گرداور وجملہ عملہ صفائی اونکے ماتحت بجز کسی خاص عجلت طلب کام کے معمولی تمام رپوٹین گرداور صفائی کے اونکے پاس جایا کرینگی جنپر معمولی احکام وے خود صادر کیا کرینگے اور جن امور مین منظوری یہانکی درکار ہوگی مثل رقوم اخراجات و دیگر اہم امور اونکے نسبت بااندراج راے خود اس اجلاس مین رپوٹین بھیجا کرینگے اور گشت گرداوری شہر کے گلی کوچونکی بغرض معاینہ حسن و قبح کارروائی صفائی اور نیز نگرانی انتظام مرمتون وغیرہ کار ہاے تعمیر متعلقہ مینوسپلٹی بقدر کافی و فرصت از کار ہاے عدالتی کرتے اور اطلاعی رپوٹین بھیجتے رہینگے ۔

حکم ہوا کہ

نقل روبکار ہذا تعمیلاً خدمت مین صاحب مجسٹریٹ مرسل اور پروانجات بنام گرداور صفائی و مینوسپل تحریر جاری ہون اور ایک نقل بنا بر انطباع گزٹ مطبع کو مرسل ہو

شرح دستخط
نواب یار جنگ

روبکار اجلاس صاحب پریزیڈنٹ و ممبران کونسل ریاست رامپور
واقع ۱۱ مارچ سنہ ۱۸۹۰ء

۳۰ مارچ سنہ ۱۸۹۰ء کو ششماہی اول سال حسابی کی جسکے موافق بجٹ کی ترتیب ہے ختم ہوگی لہذا بموجب نقشہ مروجہ کے صحیح حساب ششماہی کے آمدنی اور اخراجات کا بمطابقت بجٹ منظور شدہ طیار ہونا چاہیے اور وہ حساب آخر اپریل تک ملاحظہ میں حضور ممبران کونسل کے گذرنا چاہیے

لہذا حکم ہوا کہ

دیوان صدر اور جملہ عہدہ داران متعلق مطلع ہو کر تعمیل کریں اور روبکار ہذا درج گزٹ ہووے —

دستخط
سید علی حسن

روبکار اجلاس صاحب پریزیڈنٹ و ممبران کونسل ریاست رامپور
واقع ۱۳ مارچ سنہ ۱۸۹۰ء

ہر سال جو بجٹ آمدنی و مصارف ریاست کا طیار ہوتا ہے اوسمیں بعد آمدنی تخمینی بقایا موجودہ خزانہ خورد ابتدا شروع سال کے سب سے اول درج کرنا چاہیے بدون اسکے بجٹ مکمل تصور نہیں ہو سکتا —

حکم ہوا کہ

دیوان صدر مطلع ہوں اور روبکار ہذا درج گزٹ ہووے

دستخط
سید علی حسن

روبکار اجلاس صاحب پریزیڈنٹ و ممبران کونسل ریاست رامپور — واقع تاریخ ۱۴ مارچ سنہ ۱۸۹۰ء

اب تک بخشی فوج کے سررشتہ میں کوئی کتاب ایسی نہیں ہے جو بطور فہرست کل ملازمان ریاست ہذا کی مرتب ہوئی ہو اور اوسمیں یادداشت تغیر انکی جو وقتاً فوقتاً ہوتے رہتے ہیں مرقوم ہوا کرے تجربہ سے معلوم ہوتا ہے کہ ایسی کتاب کی بہت ضرورت ہے وہ کتاب تین فصل پر منقسم ہوگی — فصل اول میں ملازمان تابع صاحب پریزیڈنٹ بہادر فصل دوم میں ملازمان صیغہ جوڈیشل — فصل ثالث میں ملازمان صیغہ [illegible] ایک نقشہ تجویز کر دیا ہے جو منسلک ساتھ اس روبکار کے ہے — یہ کتاب بہت جلد مرتب ہونا چاہیے — سٹیشنری رامپوری کاغذ قطع کلاں پر جو ہم محافظ خانہ سے دیوینگے بخشی فوج ان نقشہ کو چھپوا لیوین بقدر ضرورت اور ایک کتاب مجلد کرا لیوین ایک سال کیلئے

حکم ہوا کہ

بخشی فوج کے نام حکم جاری ہووے اور روبکار درج گزٹ ہووے — اس کتاب کے صفحات پر نمبر ہونگے اور شروع میں ایک انڈکس یعنی فہرست ہوگی کہ فلاں صیغہ کے ملازم فلاں صفحہ پر مندرج ہیں یہ انڈکس بہت احتیاط سے مرتب ہوگا اسم وار نہیں بلکہ صیغہ وار کافی ہوگا اگر زیادہ اور آراستگی سررشتہ سے مطلوب ہو تو بخشی فوج انگریزی سولیسٹ کو دیکھکر سلسلہ حروف تہجی کی ایک انڈکس شروع پر لگا سکتے ہیں —

دستخط
سید علی حسن

روبکار اجلاس صاحبان نیو ممبر بہادر کونسل انتظامی ریاست رامپور - واقع تاریخ ۱۴ مارچ سنہ ۱۸۹۰ء

اعمالنامہ یعنی کیرکٹر بک ملازمان ریاست اکثر پار سال با اہتمام بلیغ مرتب کرایا گیا لیکن اونکی خانہ پری کی بابت کچھ پابندی سررشتہ نگاری سے معلوم نہین ہوئی - اعمالنامہ مین تمام حالات اور ہر قسم سزا و انعام و ترقی سلسلہ وار وقتاً فوقتاً بہت جلد درج ہونا چاہئے اور وہ حاکم متعلق کے دستخط سے مزین ہونا ضرور ہے - ہر سہ ممبر صاحبان کونسل مین سے جسکے صیغہ کا حکم ہو اونکو دستخط کرائے جاوین یہہ کتاب مہینہ مین دو بار بتواریخ معین بخشی فوج یا اونکا ماتحت خود صاحبان ممبر کونسل کے حضور مین حاضر کرکے دستخط کرالیا کرین جب حکم کا خلاصہ درج کرکے حاکم کے دستخط مزین ہون آئندہ کسی مثل کے دیکھنے کی ضرورت کم ہوگی - ہم اپنے اجلاس کے دستخطون کے لئے اتوار کا دن مقرر کرتے ہین یعنی مہینہ مین دو بار اتوار کے دن اعمالنامہ ملازمان ماتحت صیغہ مال کا برائے دستخط پیش ہوا کرے اسیطرح ہمارے معزز معاصرین بھی ارشاد فرماوینگے کہ کون دن اس کام کیلئے موزون ہوگا - فقط

حکم ہوا کہ

کہ پروانہ مفصل بنام بخشی فوج جاری ہوئے اور روبکار درج گزٹ ہووے -

شرح دستخط
سید علی حسن

روبکار اجلاس جناب صاحبزادہ نیو ممبر بہادر کونسل انتظامی ریاست رامپور واقع ۱۴ مارچ سنہ ۱۸۹۰ء

بوجہ رخصت طویل منشی تصدق حسین خان نائب تحصیلدار گنج منشی غلام رسول خان پیشکار کی تعیناتی نائب تحصیلداری سوار پر عمل مین آئی تھی اب کہ منشی تصدق حسین خان صاحب انسپکٹر مدارس ریاست ہذا مقرر ہوئے ہین حسب تحریک صاحب ڈائرکٹر بہادر سررشتہ تعلیم لہذا منشی غلام رسول خان بدستور نائب تحصیلداری سوار کا کام کرتے رہین -

حکم ہوا کہ

پروانہ بنام بخشی فوج و تحصیلدار سوار و منشی غلام رسول خان جاری ہووے - روبکار ہذا درج گزٹ ہووے -

شرح دستخط
سید علی حسن

یادداشت اجلاس منشی محمد احمد صاحب انچارج صاحب سکتر نواب جج و نائب ممبر بہادر - واقع ۱۴ مارچ سنہ ۱۸۹۰ء

بوصول روبکار صاحب نیو ممبر بہادر مورخہ ۳ مارچ سنہ روان واضح ہوا کہ رامپور گزٹ مطبوعہ ۳ مارچ کی جگہ ۲۸ فروری لکھی گئی اور رسید پارسل لاونس کی تعداد نہین لکھی اور فقط پارسل لاونس [illegible] لہذا مناسب متصور ہوا کہ تبدیل یادداشت ہذا مہتمم مطبع کو بغرض احتیاط و نگرانی آئندہ لکھا جاوے اور پارسل لاونس کی تعداد نہ لکھی ہو تو مطبع پر الزام عائد نہین ہو سکتا شاید یہہ غلطی صدر کیطرف سے ہوئی ہو اسکی بابت سررشتہ دار صاحب صدر کی توجہ خاص مبذول ہو اصل روبکار رجوع کرائی جاوے -

شرح دستخط
محمد احمد انچارج سکتر

[illegible]

نقشہ حیات و ممات متعلقہ ریاست رامپور سن ابتداء ۱۰ لغایت ۱۶ مارچ سنہ ۱۹۰۲ء

نام محال	پیدائش: مرد: ہندو	پیدائش: مرد: مسلمان	پیدائش: عورت: ہندو	پیدائش: عورت: مسلمان	میزان	تفصیل موت: ہندو	تفصیل موت: مسلمان	تفصیل موتی ۱-۵: مرد	تفصیل موتی ۱-۵: عورت	تفصیل موتی ۶-۱۲: مرد	تفصیل موتی ۶-۱۲: عورت	تفصیل موتی ۱۳-۵۰: مرد	تفصیل موتی ۱۳-۵۰: عورت	تفصیل موتی ۵۰ برس سے زیادہ: مرد	تفصیل موتی ۵۰ برس سے زیادہ: عورت	میزان موت: ہندو	میزان موت: مسلمان	کیفیت
[illegible]	۱	۱۲	۲	۹	۲۸	۷	۲۱	۲	۲۳	۱	۰	۵	۳	۸	۷	۸	۷	
شاہ آباد	۱	۳	۱	۱	۹	۲	۳	۲	۳	.	.	.	.	.	.	.	.	
[illegible]	۵	۱	۷	۱	۱۳	۱۲	۳	۰	۰	۰	۰	۲	۱	۲	۱	۲	۱	
سوار	۵	۵	۲	۵	۲۱	۱۱	۱۰	۱	۱	۱	۱	۱	۱	۳	۳	۲	۳	
بلاسپور	.	.	.	.	.	.	.	.	.	.	.	.	.	.	.	.	.	بلاسپور سے نقشہ نہیں آیا۔
[illegible]	۵	۱۶	۲	۱	۲۳	۷	۱۷	۰	۰	۰	۱	۲	۰	۲	۱	۱	۲	
میزان	۱۷	[illegible]	۲۲	۱۷	۹۳	۳۹	۵۳	۵	۸	۲	۳	۱۹	۹	۱۹	۱۱	۱۸	۴۳	

نقشہ نرخنامہ اجناس متعلقہ ریاست رامپور ابتدا ۱۰ لغایت ۱۶ مارچ سنہ

کیفیت	ٹانڈہ	بلاسپور	سوار	ٹمک	شاہ آباد	شہر رامپور	نام اجناس
تحصیل ٹمک سے نقشہ نہیں آیا۔	۱۳	۱۰ ۱۲	۱۳	۰	۱۰ ۱۲	۱۰ ۱۴	گندم
	۱۸	۱۸	۱۷	۰	۲۰	۱۰ ۱۷	نخود خالص
	۰	۲۰	۱۸	۰	۲۱	۲۰	نخود گندم آمیز
	۱۵	۰	۱۵	۰	۰	۲۱	سبز
	۱۷	۱۵	۱۵		۱۵	۱۰ ۱۴	پشش
	۱۴	۱۸	۱۴		۱۵	۱۲	سونگ
	۲۲ ۱۰	۲۳ ۱۰	۲۲		۰	۲۴	بجے
	۱۷	۲۰	۱۶	۰	۲۳ ۱۰	۱۲ ۱	کوجبی
	۲۰	۰	۱۸	۰	۲۰	۲۴	عدس
	۱۰	۰	۱۹	۰	۲۲ ۱۰	۲۳	ارھر
	۱	۱	۲	۰	۲	۱	روغن زرد
	۲ ۱۰	۲	۳	۰	۳	۳	روغن سیاہ
	۳	۳	۴ ۱۰	۰	۴ ۱۰	۲	روغن کنجد
	۶	۶	۰	۰	۶	[illegible]	نمک لاہوری
	۸	۸ ۱۰	۸	۰	۸	۸	نمک سانبہر
	۲۰	۲۰	۰	۰	۱۲	۰	مکا
	۰	۱۶	۰	۰	۱۷ ۱۰	۰	باجرہ
	۱۱	۰	۰		۰	۰	برنج

اشتہار

اس مطبع میں نہایت مضبوط عمدہ خوالس کیپ کے سادہ مجلد کتابیں ہر محکمجات کے لائق حسب ذیل موجود ہیں اور قیمتاً بھی بہت ارزاں چنانچہ اکثر دفاتر میں خرید ہو گئی ہیں تھوڑی سی باقی رہیں جن صاحب کو مطلوب ہوں جلد قیمت بھیجکر مطبع سے طلب فرمالیں۔

فی جلد ۲ دستہ ۱۲ ؎ — فی جلد ۳ دستہ ۱۲ ؎ — فی جلد ۴ دستہ [illegible]

مطبع سرکاری ریاست رامپور میں چھپکر شائع ہوا